وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا متحدہ جمہوریہ تنزانیہ کا دورہ

04جولائی 2023

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر 5 سے 8 جولائی 2023 تک متحدہ جمہوریہ تنزانیہ کے سرکاری دورے پر ہوں گے۔

2۔ وزیر خارجہ سب سے پہلے 05-06 جولائی 2023 کو زنجبار کا دورہ کریں گے، جہاں وہ حکومت ہند کے لائن آف کریڈٹ کے ذریعے عطا کردہ فنڈ سے چلنے والے پانی کی فراہمی کے منصوبے کا دورہ کریں گے، اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے اور ہندوستانی بحریہ کے جہاز ترشول پر استقبالیہ میں بھی شریک ہوں گے، جو تنزانیہ کا دورہ کر رہا ہے۔

3۔ وزیر خارجہ اس کے بعد 07-08 جولائی 2023 کو تنزانیہ کے دارالسلام شہر کا دورہ کریں گے، جہاں وہ اپنے ہم منصب کے ساتھ 10ویں ہند-تنزانیہ مشترکہ کمیشن کی میٹنگ کی مشترکہ صدارت کریں گے اور کئی کابینی درجے کے وزرا سمیت ملک کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے۔ دورے کے دوران وہ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ فار انڈیا کے ممبران سے ملاقات کریں گے اور انڈیا-تنزانیہ بزنس میٹنگ کا افتتاح کریں گے۔ وزیر خارجہ ہندوستانی تارکین وطن سے بھی خطاب کریں گے اور دارالسلام میں سوامی وویکانند کے مجسمے کا افتتاح کریں گے۔

4۔ ہندوستان اور تنزانیہ کے درمیان روایتی طور پر قریبی اور دوستانہ تعلقات رہے ہیں۔ وزیر خارجہ کا تنزانیہ کا دورہ ہمارے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا۔

نئی دہلی
جون 2023 04